صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز بدھ مورخہ 29 مئی 2013ء بمطابق 18 رجب 1434 ہجری صبح دس بجکر پینتیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب کرامت اللہ خان، سپیکر گزشتہ اسمبلی مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اسکا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ۔

قُلْ إِنَّ صَلَاتِي وَنُسُكِي وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِي لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِينَ O لَا شَرِيكَ لَهُ ۖ وَبِذٰلِكَ أُمِرْتُ وَأَنَا أَوَّلُ الْمُسْلِمِينَ O قُلْ أَغَيْرَ اللّٰهِ أَبْغِي رَبًّا وَهُوَ رَبُّ كُلِّ شَيْءٍ ۚ وَلَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ إِلَّا عَلَيْهَا ۚ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَىٰ ۚ ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّكُم مَّرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ۔

(ترجمہ): آپ فرما دیجیئے کہ بالیقین میری نماز اور میری ساری عبادت اور میرا جینا اور میرا مرنا یہ سب خالص اللہ ہی کا ہے جو مالک ہے سارے جہان کا۔ اور اس کا کوئی شریک نہیں اور مجھ کو اس کا حکم ہوا ہے اور میں سب ماننے والوں سے پہلا ہوں۔ آپ فرما دیجیئے کہ کیا میں خدا تعالیٰ کے سوا کسی اور کو رب بنانے کے لئے تلاش کروں حالانکہ وہ مالک ہے ہر چیز کا اور جو شخص بھی کوئی عمل کرتا ہے اور اسی پر رہتا ہے اور کوئی دوسرے کا بوجھ نہ اُٹھاوے گا پھر تم سب کو اپنے رب کے پاس جانا ہوگا پھر وہ تم کو جتلاویں گے جس جس چیز میں تم اختلاف کرتے تھے۔

جناب صدر نشین: جزاکم اللہ۔

حلف وفاداری رکنیت

جناب صدر نشین: معزز اراکین اسمبلی! میں آپ کو اس ایوان کے رکن منتخب ہونے پر اپنی اور اسمبلی سیکرٹریٹ کی جانب سے دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ پارلیمانی دور کے ایک ایسے تاریخی موقع پر اسمبلی اجلاس کی صدارت کا موقع ملا ہے جب ایک منتخب اسمبلی اور حکومت اپنا پانچ سالہ دورانیہ ختم کر چکی ہیں اور حالیہ انتخابات کے نتیجے میں ایک نئی اسمبلی معرض وجود میں آئی ہے۔ پرامن انتقال اقتدار کے اس موقع پر آج ملک میں جمہوریت کا جو پودا پروان چڑھ رہا ہے، اس کی آبیاری سیاسی رہنماؤں، اراکین اسمبلی، سیاسی ورکروں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے جوانوں نے اپنے خون سے کی ہے۔ ہمارے اس صوبے میں آنے والی حکومت، آپ کی اسمبلی کی اکثریت نے جس تبدیلی کا نعرہ لگایا ہے اور جس کے بارے میں میڈیا سے ہمیں اور پورے صوبے کو ایک بہت اچھا میسج بھی آیا ہے، اس اسمبلی اور آنے والی حکومت کے بارے میں میری نیک خواہشات اور پر خلوص جذبات آپ کے ساتھ ہیں، خدا کرے کہ تبدیلی کا یہ نعرہ واقعی اس فرسودہ اور کھوکھلے نظام کی تبدیلی کا پیش خیمہ ثابت ہو، اس کرسی پر بیٹھ کر سسٹم کی اس تبدیلی کیلئے میں نے بھی ذاتی طور پر اور پوری اسمبلی کی سٹینڈنگ کمیٹیوں کے ذریعے کافی جدوجہد کی جس کے نتیجے میں کسی حد تک Improvement آئی مگر وہ بھرپور کامیابی حاصل نہ ہو سکی، متعدد بار کوشش کی مگر ہمیں اپنی سوچ کے مطابق کامیابی حاصل نہ ہو سکی۔ اس وقت ہمارا پیارا صوبہ بڑی طاقتوں کی مداخلت، امن وامان کی ناگفتہ بہہ صورتحال، شدید بے روزگاری، لوڈشیڈنگ کے سخت عذاب اور سب سے بڑھ کر کرپشن نے اس صوبے کے سارے سسٹم کو تباہ کیا ہوا ہے۔ میری دعا ہے کہ نئی اسمبلی اور آنے والی نئی حکومت ان گھمبیر مسائل کے حل میں خلوص دل سے کام کرکے اپنے اس عظیم مقصد میں کامیاب ہوں۔ گزشتہ حکومت کے کچھ کردہ اور کچھ ناکردہ گناہوں کی سزا بڑی جماعتوں کو دی گئی جس کا نشانہ میں خود بھی بنا۔ ہماری اسمبلی میں قواعد وضوابط کے ساتھ ساتھ صوبے کی عظیم روایات بھی اچھی کارکردگی کا ایک بڑا حصہ ہوتی ہیں۔ میں نے بحیثیت سپیکر ان روایات کی پاسداری کی جس کے سلسلے میں حکومت اور اپوزیشن نے میرا بھرپور ساتھ دیا اور اسمبلی کے 'ڈیکورم' کا بھی خیال رکھا، جس کا میں صدق دل سے ان سب کا شکریہ ادا

کرتا ہوں۔ اس دوران میڈیا کا بھی مجھے بھرپور تعاون حاصل رہا اور میڈیا نے اسمبلی کی بہت اچھی Projection کی جس کیلئے میں ان کا بھی، سب کا، تمام کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ آج کی کارروائی کا ایک اہم حصہ حلف رکنیت ہے۔ آئین کے مطابق آرٹیکل نمبر 65 بمعہ آرٹیکل 127 اور اس ایوان کے طریقہ کار و قواعد کے قاعدہ نمبر 6 کے مطابق معزز اراکین کا حلف اٹھانا اور متعلقہ رجسٹر میں دستخط کرنا لازمی ہے۔ جملہ معزز اراکین ایک ساتھ حلف اٹھا سکتے ہیں۔ حلف اردو، پشتو، انگریزی ہر سہ زبان میں آپ اٹھا سکتے ہیں۔ حلف نامہ کی کاپی آپ کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔ حلف اٹھانے کے بعد تمام معزز اراکین Roll of Members پر اپنے حلقہ نیابت کے سامنے دستخط ثبت فرمائیں گے جس کیلئے ان کے نام فرداً فرداً پکارے جائیں گے۔ اب میں آپ تمام معزز اراکین اسمبلی سے گزارش کرتا ہوں کہ حلف رکنیت اٹھانے کیلئے اپنی نشستوں کے قریب کھڑے ہو جائیں اور اپنا نام لیکر میرے ساتھ حلف پڑھتے جائیں۔

(قطع کلامیاں)

<u>جناب صدر نشین</u>: میں اردو میں بولونگا جو جس زبان میں لینا چاہے، وہ خود اس زبان میں بولے۔

(اس مرحلہ پر موجود نو منتخب اراکین اسمبلی نے رکنیت کا حلف اٹھایا)

(حلف نامہ ضمیمہ نمبر 1 میں ملاحظہ ہو)

<u>جناب صدر نشین</u>: میری طرف سے سب کو مبارک ہو۔

(تالیاں)

<u>جناب صدر نشین</u>: جی بسم اللہ آپ پڑھیں۔

(اس مرحلہ پر اراکین اسمبلی نے حاضری رجسٹر پر دستخط ثبت کئے)

<u>جناب صدر نشین</u>: محترمہ فوزیہ بی بی! (تالیاں) چونکہ آپ لیٹ آئی ہیں اور آپ نے حلف نہیں لیا ہے، لہذا کھڑی ہو کر میرے ساتھ حلف پڑھتی جائیں۔ محترمہ فوزیہ بی بی۔

(اس مرحلہ پر نو منتخب رکن اسمبلی، محترمہ فوزیہ نے رکنیت کا حلف اٹھایا)

<u>جناب صدر نشین</u>: آجائیں Roll پر دستخط کرلیں۔

<u>Ms. Bibi Fauzia</u>: Okay Sir.

(اس مرحلہ پر خاتون رکن اسمبلی نے حاضری رجسٹر پر دستخط ثبت کئے)

(اراکین کے نام ضمیمہ نمبر2میں ملاحظہ ہوں)

جناب صدر نشین: ویلکم، مبارک ہو جی۔ معزز اراکین اسمبلی! آج دفتری اوقات کار میں قواعد کے مطابق سپیکر اور ڈپٹی سپیکر کے عہدے کیلئے سیکرٹری اسمبلی کے پاس کاغذات نامزدگی داخل کئے جائیں گے اور کل قواعد کے مطابق ان کے انتخابات ہونگے۔ پارٹی لیڈرز اگر کوئی بولنا چاہیں___ پارٹی لیڈر! آج بولنا ہے یا کل بولنا ہے؟

جناب سردار حسین: سر! نن خو به مبارکی ورکړو، هاؤس له به مبارکی ورکړو نو سپیکر صاحب، زما خو خیال دا دے۔

جناب سپیکر: جی سردار حسین بابک صاحب۔

جناب سردار حسین: شکریه سپیکر صاحب۔ اول خو ستاسو هم شکریه ادا کوؤ او بیا ټول هاؤس ته، دلته څومره زمونږ معزز ورونړه او زمونږه معززې خویندې چې نن په باقاعده توګه باندې نن ټولو سوګند پورته کړو، زه د خپل طرف نه او د خپلې پارټۍ د طرف نه د دې هاؤس هر محترم غړی ته مبارکی وایم۔ سپیکر صاحب، نن ډیر زیات د خوشحالئ ورځ او موقع په دې حواله هم ده چې د پاکستان په تاریخ کښې په اولنی ځل باندې د یو جمهوری 'سیټ اپ' نه یو جمهوری 'سیټ اپ' ته هغه چې کوم Transition وو، هغه ډیر په ښه مرحله باندې منتقل شو او زمونږ توقعات هم ډیر زیات دی او ظاهره خبره ده چې دا د جمهوریت حصه وی چې کله سیاسی ګوندونه د اقتدار په کرسو ناست وی او کله د سیاسی ګوندونو غړی د اپوزیشن په کرسو باندې ناست وی، دا لازمه ضرور وی چې که هغه غاړې ته خلق ناست وی یا که دې غاړې ته خلق ناست وی خو په جمهوری حکومتونو کښې، په جمهوری ملکونو کښې ذمه واری چې ده یا ذمه وارئ چې دی، دا د ټولو برابر وی او مونږه دا ګڼو سپیکر صاحب چې په دې ملک او په دې صوبه کښې کوم حالات دی، نن اولنئ ورځ ده او ظاهره خبره ده چې کوم مشکلات دی، د اپوزیشن د طرف نه په راروان وخت کښې چې کوم لیډر آف دی هاؤس جوړیږی یا لیډر آف دی اپوزیشن به جوړیږی، مونږه پوره پوره دا باور ورکوؤ چې د دې صوبې د ترقئ د پاره، د دې صوبې د خوشحالئ د پاره، د دې صوبې د آبادئ د پاره او بیا په ډیر خصوصی توګه باندې سپیکر صاحب، په دې صوبه

کښې د امنيت چې کوم حالات دی يا د امنيت چې کوم مشکل دے، مونږ دا ډاډ ورکوؤ، مونږ دا باور ورکوؤ د حکومت د بنچونو مشرانو ته هم، ملګروته هم ورکوؤ او اولس ته هم چې زمونږ نه د امنيت قائمولو د پاره کومه هله ځله کيږی، ان شاء الله مونږ د دې اسمبلۍ په فلور باندې د دې خبرې بيا پخوالے کوؤ، بيا اعاده کوؤ چې ان شاء الله مونږه به د حکومت سره هغه هله ځله چې ده دا به برابر ساتو۔ زما دا طمع ده سپيکر صاحب چې نن دې ټول هاؤس، مونږ سوګند پورته کړو د پاکستان د وفادارئ، د دې ملک د خوشحالئ، د آبادئ، د ترقئ، د وفادارئ، پکار دا ده چې مونږه ټول هاؤس، د دې صوبې څه روايات هم دی، د دې صوبې د اسمبلۍ که يو رولز آف بزنس دے يا د هغې څه آئين دے يا د هغې څه تقاضې دی خو د دې صوبې ډير ښکلے روايت پاتې شوے دے چې دا ټوله اسمبلی چې ده، دا د دې صوبې د ټولو نه لويه جرګه ده او د دې صوبې د تير وخت روايات دا پاتی شوی دی چې دلته د ورورولۍ په ماحول کښې تنقيد هم شوے دے، دلته په اخلاقی دائره کښې دننه د اصلاح د پاره، د تنقيد د پاره يا هر خپل مؤقف چې دے، نقطه نظر چې دے، هغه هم وړاندې شوے دے، زمونږه دا طمع ده چې دا اولنئ ورځ ده، دا بسم الله ده، دا ابتداء ده، دا افتتاح ده، ان شاء الله، ان شاء الله دا ټول هاؤس چې دے چې د يو بل د مينډيټ احترام وکړو، د يو بل احترام وکړو، د خپلو نظرياتی اثاثو احترام وکړو، د خپلو نظرياتو او د سوچونو احترام وکړو، زما يقين دا دے چې دا صوبه د مسئلو په کوم دلدل کښې ده، زه ګمان کوم، زه فکر کوم چې ان شاء الله ان شاء الله چې زمونږ د ټولو مرسته وی، اتفاق وی، اتحاد وی، د ورورولۍ ماحول وی، د رواياتو هغه تسلسل وی نو ان شاء الله د مشکلاتو دا تسلسل چې دے، دا صوبه به د هغه مشکلاتو نه اوځی۔ سپيکر صاحب، زه په نن موقع باندې ډيرې خبرې کول نه غواړم خو يو وارې بيا د عوامی نيشنل پارټئ د طرف نه دې ټول هاؤس ته، دې ټولو ورونو ته د زړه د کومی نه مبارکی وايم او ان شاء الله پرون مونږ په اقتدار کښې ناست وو، نن عوامی نيشنل پارټی په اپوزيشن کښې ده۔ پرون هم مونږه د عوامو او د دې صوبې د اولس د خدمت کولو يو سنجيده کوشش کړے دے او نن هم ان شاء الله په دې فلور آف دی هاؤس باندې دا خبره کوم چې په اپوزيشن

کښېنې مونږه ناست یو، د دې صوبې او د دې خلقو د خدمت کولو به یو ډیر سنجیده کوشش کوؤ جی۔ ډیره زیاته مهربانی او ډیره مننه۔

(تالیاں)

جناب صدر نشین: شکریہ جی۔ میرے خیال میں کل اگر سپیکر صاحب کے الیکشن کے بعد اور ان کے حلف کے بعد یہ باقی تقاریر ہو جائیں تو وہ بہتر ہوگا، ہاؤس بھی 'کمپلیٹ' ہوگا تو بہتر ہوگا کہ کل آپ ان کے حلف کے بعد سب پھر بولیں۔

(قطع کلامیاں اور شور)

ایک رکن: ابھی بات کرنی ہے جی۔

جناب صدر نشین: نہیں، آپ کا اپنا ہاؤس ہے، میں بالکل منع نہیں کرتا۔

(قطع کلامیاں اور شور)

جناب شاہ حسین خان: جناب سپیکر صاحب! سپیکر صاحب،۔۔۔۔۔

(قطع کلامیاں)

جناب صدر نشین: جی شاہ حسین صاحب۔

(قطع کلامیاں)

جناب صدر نشین: ستاسو خو بنه ده۔

جناب شاہ حسین خان: سپیکر صاحب، دا سې ده جی چې دا هاؤس 'کمپلیټ' نه دے سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، هاؤس 'کمپلیټ' نه دے، نن چې دا کومه کارروائی وشوه، دا پوره ده۔ سبا یا بله ورځ ان شاء الله تعالیٰ چې کوم نوے سپیکر صاحب کرسئ سنبهاله کړی بیا چې کوم کوم ممبر، کوم کوم ایم پی اے صاحب بیا خبرې کوی نو بیا د بنه کهلاؤ زړه سره وکړی۔ فی الحال دا ده جی چې هاؤس 'کمپلیټ' نه دے چې ځوک خبرې کوی پته نشته چې هغه دا د کومې قاعدې لاندې کوی؟

محترمہ نگہت اورکزئی: سپیکر صاحب! میں یہ کہنا چاہتی ہوں کہ معزز اراکین۔۔۔۔۔

(قطع کلامیاں اور شور)

جناب صدر نشین: ہمارے سیکرٹریٹ سے جو بات آرہی ہے، وہ کہتے ہیں کہ ابھی گورنمنٹ پوری Form نہیں ہوئی، نہ قائد ایوان۔۔۔۔۔

(شور)

آوازیں: صرف مبارکباد دینی ہے۔

جناب صدر نشین: مجھے بڑا گومگو میں ڈالا ہے، سمجھ نہیں آتی کیونکہ میں بھی آج کے دن کا، میں آپ کو اس، آپ کا پہلا دن ہے، میں آپ لوگوں کو خفا نہیں کرنا چاہتا۔

حاجی قلندر خان لودھی: سر، جو قانون میں ہے، اس کے مطابق۔۔۔۔۔

جناب شوکت علی یوسفزئی: سپیکر صاحب! سپیکر صاحب،۔۔۔۔۔

(شور)

جناب صدر نشین: ہں جی؟

(شور)

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: جناب سپیکر!

جناب صدر نشین: چلیں، اسرار اللہ خان گنڈاپور صاحب۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر! آپ کی Residuary powers جو ہیں، وہ 241 کے تحت ہیں۔ اگر چہ یہ Convention نہیں رہی ہے، ہاؤس پورا Form نہیں ہوا ہے لیکن اگر آپ 241 کے تحت اپنی پاورز، اختیارات استعمال کرنا چاہیں تو میرے خیال میں کوئی پابندی نہیں ہے۔

(تالیاں)

جناب صدر نشین: چلیں بسم اللہ جی، شوکت یوسفزئی صاحب! لیکن آرٹیکل 54 بھی ذرا پڑھیں۔

جناب شوکت علی یوسفزئی: جناب سپیکر! میں اپنے اتحادیوں کی طرف سے مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ ان مشکل حالات میں، اس وقت صوبے کے جو حالات چل رہے ہیں، بہت زیادہ چیلنجز ہیں، ان چیلنجز میں اس ایوان کو، جو یہاں ممبران بیٹھے ہیں، ان کو منتخب کیا گیا ہے، ان پر بہت بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ اس سے پہلے جو حکومتیں رہی ہیں، میرے خیال سے اتنی مشکلات نہیں تھیں ان کیلئے لیکن اب جو حکومت بننے جا

رہی ہے، بہت زیادہ چیلنجز ہیں، بہت زیادہ مشکلات ہیں۔ایک طرف امن وامان کا ایشو ہے، لوڈشیڈنگ کا ایشو ہے، بے روزگاری ہے، کرپشن ہے اس معاشرے میں، ان ساری چیزوں کو ختم کرنے کیلئے اس ایوان کا اتحاد، جس طرح بابک صاحب نے کہا کہ ایک جرگہ ہے بہت بڑا، تو یہ جرگہ صوبے کے عوام کا جرگہ ہونا چاہیئے، یہ نہیں کہ ہم مختلف پارٹیوں سے منتخب ہو کر اپنی اپنی بات کریں، ہمیں آج سے اس صوبے کی بات کرنا ہوگی سپیکر صاحب، بہت زیادہ مشکلات ہیں، عوام بیچاروں نے اس دفعہ جن چیلنجز کیساتھ ووٹ ڈالا ہے، Turnout بھی زیادہ رہا ہے تو لوگ چاہتے ہیں کہ ہم کوئی واقعی تبدیلی لا کر رہیں اس صوبے میں اور جو مشکلات ہیں، وہ مشکلات ان کی حل کریں۔ تو میں اس ایوان کا شکریہ بھی ادا کرتا ہوں اور آپ کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں سپیکر صاحب کہ آپ نے مجھے موقع دیا لیکن مجھے توقع ہے کہ ہم محاذ آرائی کی پالیسی نہیں چاہتے، نہ ہم محاذ آرائی کی پالیسی اپنانا چاہتے ہیں۔۔۔۔۔

جناب صدر نشین: بہت اچھی بات ہے۔

جناب شوکت علی یوسفزئی: ایک بہترین ماحول، ایک بہترین سازگار ماحول جس میں سرمایہ کاری ہو سکے، جس میں لوگوں کو روزگار مل سکے، جس میں لوگوں کی عزت ہو سکے، یہ ساری چیزیں ہم مل جل کر کرنا چاہتے ہیں۔ بہت شکریہ۔

جناب سپیکر: بہت شکریہ۔عظمیٰ خان ورومبے ریکویسٹ کړے دے۔ دپی پسې جی۔ عظمیٰ خان! دو دو منٹ، اس سے زیادہ نہیں جی۔

محترمہ عظمیٰ خان: تھینک یو، سر۔ سر، ہمارے پاس تو ان شاء اللہ آگے پانچ سال ہیں، ہم بولتے رہیں گے لیکن آج بہت ضروری تھا کیونکہ آپ بیٹھے ہیں اور اس پر میں یہ کہنا چاہوں گی کہ جو Kindness اور جس شفقت کا مظاہرہ آپ نے پچھلے پانچ سال میں ہمارے ساتھ کیا یقیناً ہم یاد رکھیں گے اور کوشش کریں گے کہ آنے والے سپیکر بھی اسی طرح غیر جانبدار ہوں جس طرح سپیکر کرامت اللہ صاحب تھے۔ ان کی یہ Kindness تھی کہ انہوں نے اپنی Females جو Treasury benches کی ہوتی تھیں، ان کو کبھی کبھی ڈانٹا بھی، ان کے ساتھ سختی بھی کی لیکن ہم اپوزیشن کے ساتھ کبھی سختی نہیں برتی انہوں نے، اور ہمیشہ بڑا خیال رکھا ہے۔ کبھی کبھی پختونخوا کی روایات کو سامنے رکھتے ہوئے انہوں نے کتابوں کے Laws کو بھی

بالائے طاق رکھ کے ہمیں اس چیز پہ بھی بولنے کا موقع دیا جس کی ہمیں رولز اجازت نہیں دیتے تھے، تو سر، ہماری خواہش یہی تھی کہ آپ دوبارہ آتے، ہمارے ساتھ یہاں ہوتے لیکن شاید اللہ کو یہ کچھ اور منظور تھا اور We are hopeful کہ آپ Next time ہمیں دوبارہ Join کریں گے۔ سر، میری یہ دعا ہے اللہ تعالیٰ سے کہ اس اسمبلی میں جتنے لوگ یہاں آئے ہیں اور اسی طرح خوشی سے ہم یہاں سے واپس جائیں کیونکہ پچھلی اسمبلی میں ہم اپنے بارہ ساتھیوں کو کھو چکے تھے اور ہر سیشن میں ہم نے ایک ساتھی کیلئے ہاتھ اٹھا کر دعا ضرور کی تھی اور بڑے سوگوار ماحول سے ہم گزرے ہیں، اس سارے Tenure میں۔ تو میری دعا ہوگی کہ جس خوشی سے ہم اس ایوان میں آئے ہیں، یہی ایک سو چوبیس ارکان اس ایوان سے خوشی سے پانچ سال بعد واپس جائیں۔Thank you so much۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر!

جناب صدر نشین: نگہت صاحبہ۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر صاحب، پچھلے پانچ سال آپ نے جس طریقے سے اس ہاؤس کو چلایا، وہ قابل ستائش بھی ہے اور میں سمجھتی ہوں کہ جس طریقے سے آپ نے اس ایوان کو چلایا ہے اور اپوزیشن کو موقع دیا ہے، آنے والے یہاں پہ جو نیا پاکستان، نیا خیر پختونخوا کا نعرہ لیکر آئے ہیں، وہ بھی میرے خیال میں اسی ایوان کو اسی طریقے سے چلائیں گے جو کہ پاکستان پیپلز پارٹی کا ایک خاصہ رہا ہے کہ مصالحت اور مفاہمت کی ہمیشہ ہم لوگوں نے بات کی ہے اور اسی لئے یہ پانچ سال جو ہیں، ہم لوگوں نے بہت جمہوری انداز میں گزارے ہیں اور اس میں میں سمجھتی ہوں کہ آج پہلا دن ہے، پہلے دن سے ہم لوگ چاہتے ہیں کہ یہ تمام ہاؤس، جیسے پہلے مطلب اکٹھا تھا اور اس میں آج ہمیں اپنے بہت سے ساتھیوں کی کمی محسوس ہو رہی ہے کہ جو شوکت یوسفزئی صاحب کہتے ہیں کہ ہمیں پہلے تو کسی چیلنجز کا مقابلہ نہیں تھا، یہاں پہ ہم اپنے بارہ ساتھی ایم پی ایز جو ہیں اور جن میں کہ سینیئر منسٹر بشیر بلور صاحب تھے، انہوں نے وہاں پر جا کر جام شہادت نوش کیا تو میرا خیال ہے کہ اللہ تعالیٰ ان چیلنجز کو، آج جو نیا خیبر پختونخوا بنانے والے ہیں، ان کو ان چیلنجز سے ہمیشہ محفوظ رکھے، ہم سب لوگوں کو محفوظ رکھے۔ باقی لوڈ شیڈنگ کی بات ہے، لوڈ شیڈنگ پہلے بھی تھی لیکن پہلے ایک گھنٹے کے بعد ایک گھنٹہ آجاتی تھی، ابھی چار گھنٹے کے بعد ایک گھنٹہ آتی ہے تو میرا خیال ہے کہ آپ

لوگوں کو زیادہ چیلنجز ہیں، ان چیلنجز پہ نظر رکھیں اور ان چیلنجز کو جو ہے یعنی آپ مستقل مزاجی سے اور بجائے اس کے کہ ہم ایک دوسرے سے یہ کہیں کہ پچھلی گورنمنٹوں نے یہ کیا اور ہماری گورنمنٹوں نے یہ کیا، ہم سب کو اس صوبے کیلئے، اس پاکستان کیلئے اور جو آپ کا نعرہ ہے 'نیا پاکستان' ، 'نیا پاکستان' نہ سہی لیکن 'نیا خیبر پختونخوا' بنانے میں ہم آپ کی پوری طرح مدد کریں گے۔ شکریہ جناب سپیکر۔

مفتی سید جانان: جناب سپیکر صاحب!

جناب صدر نشین: جی مفتی جانان صاحب۔ سید جانان صاحب! یہ جس طرح دعا کیلئے ریکویسٹ کی گئی ہے تو آپ سب کیلئے فاتحہ پڑھیں، اس کے بعد اگر کچھ بولنا چاہیں۔ مفتی سید جانان صاحب! یہ کل جو شانگلہ میں واقعہ ہوا ہے، وہ ڈی ایس پی صاحب اور ان کے ساتھ چار پانچ ہمارے جوان شہید ہوئے ہیں، ان کیلئے خصوصی دعا کی جائے۔

ایک رکن: بیګا د دھماکه شوې د ه، هغوی ټولو له دعا وکړئ۔

جناب صدر نشین: اس میں وہ ہیلتھ ورکر خاتون اور جتنے بھی شہداء اس صوبے میں، Meanwhile election اور اس کے بعد جتنے بھی شہداء اللہ کو پیارے ہوئے ہیں، ان سب کیلئے۔ مفتی جانان صاحب! آپ دعا پڑھیں جی۔

(اس مرحلہ پر دعائے مغفرت کی گئی)

مفتی سید جانان: زه جی یوه خبره کوم او که اجازت وی جی راته؟-----

جناب صدر نشین: جی جی، بسم اللہ۔

مفتی سید جانان: زه جی، دې ملګرو کومې خبرې طرف ته اشاره وکړه جی، په اووم مئی باندې ما باندې جی په دوآبه بازار کښې دھماکه شوې ده، زما جی دیارلس ملګری شهیدان شو او څلویښت ملګری مې زخمیان شول خو زه جی ډیر افسوس سره دا خبره کوم، هلته خو چې څه وشو وشو چې بیا دلته مونږ راغلو خیبر ټیچنګ هسپتال کښې او لیډی ریډنګ هسپتال کښې یا نورو هسپتالونو کښې جی، زه درته جی قسم خورم چې زه پرون لاړ یم، زه د دې معاشرې نه مایوسه شوے یم، تر دې حده پورې چې زما ملګری اووه ورځې پراته وو، هغوی ته مطلب

دا دے چې چا ورته پټئ قدرې نه ده بدله کړې، سوزیدلې یونټې (Burn units) نشته، دغه صوبه کښې روزانه دهماکې کیږی، پرون وشوې جی، پرون دهماکه وشوه، بل ورځې دهماکه وشوله جی او چې چا ته ورشې جی، د بیډ ځائے نشته، مطلب دا دے چې د مریض تپوس نشته، هیڅ څه شے نشته۔ زه جی دا ګزارش درته کوم چې دا درد په ما باندې تیر دے، الله د دا درد چا ته نه ښائی، زما هسپتال کښې یو ملګرے پروت دے، هغه یو ځوئے خوئے شهید شو، یو ئے وراره شهید شو، واړه واړه بچی ئے وو، اوس د هغه بچی خیبر ټیچنګ هسپتال کښې پراته دی، یوه ئے بچئ پرته ده او یو ئے بچے پروت دے، هغه چې ما پرون کوم حالات لیدلی دی۔ زه دا ګزارش کوم چې پنجاب د دغې ملک صوبه ده، سلینډر پهټاؤ شو، د سکول بچی ورکښې مړه شول، وزیر اعلیٰ صاحب، نګران وزیر اعلیٰ اعلان وکړو چې ټولو ته د پینځه پینځه لکهه روپئ ملاؤ شی۔ زه جی دا وایم، دغه د دې معاشرې بچی نه دی؟ دا د دغه خلقو بچی نه دی؟ د هغوی سره جی چې زما څه وس وو، ما د یو یو لکهه روپئ مدد کړے دے ورسره۔ نګران وزیر اعلیٰ صاحب سره مونږ بار بار رابطې وکړلې، وزیر صحت ته مو بار بار ټیلیفونونه وکړل جی، خټک صاحب ډیر سنجیده او ډیر مطلب دا دے ښه سړے دے، زما ډیر امید دے ورنه، زه دوئ ته دا ګزارش کوم، ما نن دا وئیل چې ما پورې به دا ملګری وخاندی ګنی ما دا وئیل چې زه به حلف نه اخلم، تر څو پورې دغه صوبه کښې لکه پنجاب کښې چې څنګه شهیدانو ته اعلان کیږی، زخمیانو ته اعلان کیږی چې څو پورې دغه صوبه کښې نه وی شوے، ما وئیلی وو چې زه به حلف نه اخلم۔ (تالیاں) خو بیا مې وئیل چې کیدے شی دا خلق ما پورې دغه وکړی چې یره دا څه جذباتی سړے دے که ولې؟ زه خټک صاحب ته ګزارش کوم چې دا کوم بچی مړه دی، دیارلس بچی مړه دی او چې دا کوم کسان زخمیان شوی دی، هغوی ته د اعلان وکړی، د هغه خلقو به څه دا شی چې زړه ته به ئے یوه فائده اورسی، یوه پټئ ئے که په زړه باندې ولګی، نو دا ګزارش جی کوم۔ ډیره مهربانی جی۔

<u>جناب صدر نشین:</u> شکریه مفتی جانان صاحب۔ جناب پرویز خان خټک صاحب۔

(تالیاں)

جناب پرویز خٹک: جناب سپیکر صاحب، مفتی جانان صاحب سره زما مکمل همدردیانې دی او دا دوه درې ورځې کېنې ما د هسپتال حالات وکتل او زه دوئ ته یقین ورکوم چې کله مونږه حلف واخلو نو ان شاء اللّٰه تعالیٰ دا مسئلې او ستاسو فریادونه به ان شاء اللّٰه بیا نه اوریدے کیږی او ستاسو مسئلې به ان شاء اللّٰه چې څنګه تاسو وایئ د هغې نه بهتر طریقه باندې به د دې حل رااوباسو۔ چې کوم د هسپتال حالت دے، (تالیاں) چونکه دې وخت کېنې مونږ په اقتدار کېنې نه یو او ګورنمنټ د Caretaker دے نو زه چونکه په هغې کېنې مداخلت نشم کولے خو زه یقین درکوم چې ان شاء اللّٰه د هسپتال حالت به هم ٹهیک کیږی او ما هغه بله ورځ هم ډاکټرانو ته وئیلی دی چې کومه دهماکه وشی، کوم Patient راځی نو هغوی ته به VIP treatment ورکوئ، دا نه چې یو غریب سړے دې دهماکه کېنې دغه شو او هغه ته کټ نه ملاویږی نو ان شاء اللّٰه دا یقین درکوم چې هر یو Patient ته، چې کوم دهماکو کېنې هغه راځی یا څه تکلیف کېنې وی، هغه غریبانانو ته به ان شاء اللّٰه VIP treatment ملاویږی کوم چې سرمایه دارو ته ملاویږی۔

جناب صدر نشین: یہ جو Burn unit کی انہوں نے بات کی، یہ واقعی صوبے کی بہت بڑی ضرورت ہے۔ ایک زیر تعمیر Burn unit جی ٹی روڈ پہ کہیں تعمیر ہورہا تھا، یہ Flyover کیساتھ لیکن وہ ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کا تھا یا کس کا تھ؟ پتہ نہیں انہوں نے ہیپاٹائٹس کیلئے وہ Convert کیا جو کہ وہ نہ بن سکا اور نہ Burn unit، تو میری آپ سے گزارش ہوگی اور ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ جو بیٹھا ہے، ان کو بھی وہ دی جاتی ہے کہ فوراً اس Burn unit کو جو زیر تعمیر تھا، اس کا کیس نکال کے جیسے ہی ہماری نئ حکومت آتی ہے، مجھے یقین ہے کہ ان شاءاللّٰہ پہلا قدم پرویز صاحب! آپ یا آپ کے ساتھی جو بھی منسٹر صاحب، یہ Burn unit پشاور میں انتہائی ضروری ہے، اس کا کیس ابھی سے ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ نکالے اور اس پر ہوم ورک کرکے آنے والے وزیراعلیٰ صاحب کو پیش کرے۔ میرے خیال میں بس اتنا کافی ہوگا جی۔

جناب فخر اعظم وزیر: جناب سپیکر!

جناب صدر نشین: جی فخر اعظم صاحب، فخر اعظم صاحب کا مائیک آن کریں___ آپ خود آن کریں۔ PK-71کا مائیک آن کریں۔

جناب فخر اعظم وزیر: جناب سپیکر صاحب، د ټولو نه اول خو زه مبارکباد ورکوم چې کوم وروڼه دلته راغلی دی او کومې خویندې مو دلته راغلې دی، د دې نه وړاندې شوکت یوسفزئی صاحب چې کومې خبرې وکړې او بابک صاحب کومې خبرې وکړې د صوبې په حواله باندې نو زه ډېتیل کښې نه ځم خو زه یو دا خبره کوم چې زمونږه صوبې ته د ټولو نه غټه مسئله د امن ده او په دې سلسله کښې زما دا اپیل هم دے او کوشش هم دے چې څومره زر زر کیدے شی چې ډرون حملې بند شی ځکه چې زمونږه د صوبې د ټولو نه غټه خبره د امن ده نو چې ډرون حملې بند شی نو ان شاء اللّٰه د دغې سره به په صوبه کښې زیات تر امن راشی او بله دا خبره ده چې د طالبانو سره د مذاکرات وشی ځکه دا مذاکرات چې وشی ان شاء اللّٰه نو په صوبه کښې به امن راشی او صوبه کښې به خوشحالی راشی او امن به راشی۔ ډیره مننه، ډیره شکریه۔

جناب صدر نشین: PK-93، بہرام خان صاحب۔ملک بہرام صاحب کے بیٹے کیلئے دعا۔۔۔۔

جناب انور حیات خان: جناب سپیکر! میں اپنی طرف سے اور اپنی پارٹی کی طرف سے تمام معزز اراکین کو سب سے پہلے آج ان کے حلف اٹھانے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں اور جناب سپیکر، آپ کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے آج جس بہتر طریقے سے ایوان کی کارروائی چلائی، اس پر آپ کو مبارک ہو۔ امید کرتا ہوں کہ ان شاءاللہ تعالیٰ جو آنے والی حکومت ہے، جو صوبہ خیبر پختونخوا کے مسائل ہیں، جن گھمبیر مسائل میں ہمارا صوبہ پریشانی کی حالت میں ہے، اللہ تعالیٰ آنے والی حکومت کو یہ توفیق دے، دعا ہے ہماری کہ وہ ان حالات کو بہتر کر سکے اور جیسا کہ مجھ سے پہلے کچھ معزز اراکین نے امن کے سلسلے میں بات کی، امید کرتا ہوں کہ ان شاءاللہ تعالیٰ جو حکومت آئیگی، وہ صوبے میں امن و امان کیلئے اور جو دوسرے مسائل ہیں، ان کیلئے بھرپور طریقے سے کام کرے گی اور ہماری طرف سے بھی تقریباً ان کو پورا تعاون حاصل ہوگا۔ بہت شکریہ۔

جناب صدر نشین: PK-47، سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب۔ میرے خیال میں ان کے بعد اور تقاریر اگر کل کیلئے رکھ دی جائیں تو بہتر ہو گا۔ سردار اورنگزیب نلوٹھا۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب!۔۔۔۔۔

جناب صدر نشین: PK-47، آپ غلط سیٹ پہ تو نہیں بیٹھے ہیں، اس طرف آجائیں۔ سلیم خان! سیٹ چھوڑ دیں آپ، آپ کی سیٹ پر سلیم خان صاحب بیٹھے ہیں۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب! میں اپنی طرف سے جتنے نو منتخب ممبران اسمبلی منتخب ہو کر آئے نے، میں ان کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور میں آپ کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے پانچ سال، میں اسلئے ہندکو میں بات کر رہا ہوں، میں بار بار ریکوسٹ کرتا ہوں کہ جی اردو میں بات کریں، یہ پشتو میں بات کرتے ہیں، مجھے سمجھ نہیں آتی ہے، میرا حق ہے کہ میں بھی ہزارہ سے تعلق رکھتا ہوں، میں ہندکو میں بات کروں۔ (تالیاں) جناب سپیکر صاحب، میں آپ کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کہ پچھلے پانچ سال، ابھی Rules کل سے نئے سپیکر صاحب شروع کرینگے، یہ پرانے سپیکر صاحب ہیں تو میں آپ کو مبارکباد، آپ کا میں شکریہ ادا کرتا ہوں کہ پچھلے پانچ سال میں جس طرح۔۔۔۔۔

جناب صدر نشین: ابھی آپ اردو میں بولیں کیونکہ رولز میں اور کسی زبان میں نہیں ہے جی۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب! میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔۔۔۔۔

Presiding Officer: Thank you ji, thank you.

سردار اورنگزیب نلوٹھا: کہ آپ نے پچھلے پانچ سال اس طرح اپوزیشن کا خصوصی طور پر بڑا خیال رکھا، اپوزیشن کے ممبران کو حکومت کے مقابلے میں زیادہ آپ نے اپوزیشن کو ٹائم دیا۔ میں نئے سپیکر صاحب سے بھی یہی توقع رکھونگا کہ وہ اپوزیشن کا خیال رکھیں گے اور جناب سپیکر صاحب، یہ جو روایت کہ قائد مسلم لیگ نون، میاں نواز شریف صاحب نے صوبہ خیبر پختونخوا میں تحریک انصاف کے مینڈیٹ کا احترام کرتے ہوئے انہیں حکومت کی دعوت دی، اگر تحریک انصاف کی حکومت نے اچھے کام کئے تو ہم ان کو ان شاءاللہ سپورٹ کرینگے اور جہاں پر یہ غلطی کرینگے تو ضرور ان کی غلطیوں کی بھی نشاندہی کرینگے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو مل کر صوبہ خیبر پختونخوا کے عوام کے پریشانیوں کو دور کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔۔۔۔۔

جناب صدر نشین: آمین۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب! اس صوبے کے لوگ بڑے پریشان ہیں، بڑے تنگ ہیں، برا حال ہے، نہ یہاں پر بجلی ہے، نہ گیس ہے، نہ سکون ہے، دہشت گردی ایک انتہا کو پہنچ گئی ہے، توان شاءاللہ ہم حکومت کو جو بھی ہم سے سپورٹ ہوسکے، ہم ان کی غلطیوں کی بھی نشاندہی کرینگے اور ان کے اچھے کام کو پورا پورا سپورٹ کرینگے۔ بڑی مہربانی۔

جناب سپیکر: شکریہ۔ محترمہ ہمایون معراج صاحبہ، PK-118۔ چائے میرے خیال میں ٹھنڈی ہورہی ہے تو اس کیلئے اچھی بات ہے کہ

The Sitting is adjourned till 10:00 a.m of tomorrow morning.

(اسمبلی کا اجلاس بروز جمعرات مورخہ 30 مئی 2013ء صبح دس بجے تک کیلئے ملتوی ہوگیا)

ضمیمہ نمبر1

حلف وفاداری رکنیت

[آرٹیکل 65اور 127]

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

میں،۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔صدق دل سے حلف اٹھاتا/اٹھاتی ہوں کہ میں خلوص نیت سے پاکستان کا حامی اور وفادار رہونگا/رہونگی:

کہ بحیثیت رکن صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا صوبہ، میں اپنے فرائض وکارہائے منصبی ایمانداری، اپنی انتہائی صلاحیت اور وفاداری کے ساتھ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور، قانون اور اسمبلی کی قواعد کے مطابق،اور ہمیشہ پاکستان کی خود مختاری، سالمیت،استحکام،یک جہتی اور خوشحالی کی خاطر انجام دونگا/دونگی:

کہ میں اسلامی نظریہ کو برقرار رکھنے کیلئے کوشاں رہونگا/رہونگی جو قیام پاکستان کی بنیاد ہے:

اور یہ کہ میں اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کو برقرار رکھونگا/رکھونگی اور اس کا تحفظ اور دفاع کرونگا/کرونگی:

[اللہ تعالیٰ میری مدد اور رہنمائی فرمائے(آمین)]

ضمیمہ نمبر2

حلف اٹھانے والے نو منتخب اراکین صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

نمبر شمار	حلقہ نیابت	اسمائے گرامی
01۔	پی کے۔1 پشاور۔I	جناب ضیاءاللہ آفریدی
02۔	پی کے۔2 پشاور۔II	جناب شوکت علی یوسفزئی
03۔	پی کے۔3 پشاور۔III	جناب جاوید نسیم
04۔	پی کے۔4 پشاور۔IV	جناب عارف یوسف
05۔	پی کے۔5 پشاور۔V	جناب یاسین خان خلیل
06۔	پی کے۔6 پشاور۔VI	جناب فضل الہیٰ
07۔	پی کے۔7 پشاور۔VII	جناب محمود جان
08۔	پی کے۔8 پشاور۔VIII	ارباب اکبر حیات
09۔	پی کے۔9 پشاور۔IX	ارباب جہانداد خان
10۔	پی کے۔10 پشاور۔X	جناب شاہ فرمان
11۔	پی کے۔11 پشاور۔XI	سید محمد اشتیاق
12۔	پی کے۔12 نوشہرہ۔I	جناب خلیق الرحمان
13۔	پی کے۔13 نوشہرہ۔II	جناب پرویز خٹک
14۔	پی کے۔14 نوشہرہ۔III	جناب جمشید الدین
15۔	پی کے۔15 نوشہرہ۔IV	جناب محمد ادریس
16۔	پی کے۔16 نوشہرہ۔V	جناب قربان علی خان
17۔	پی کے۔17 چارسدہ۔I	جناب فضل شکور خان
18۔	پی کے۔18 چارسدہ۔II	جناب سلطان محمد خان

19۔	پی کے۔19چارسدہ۔III	جناب ارشد علی
20۔	پی کے۔20چارسدہ۔IV	جناب خالد خان
21۔	پی کے۔21چارسدہ۔V	جناب سکندر حیات خان
22۔	پی کے۔22چارسدہ۔VI	جناب محمد عارف
23۔	پی کے۔24مردان۔II	جناب محمد زاہد درانی
24۔	پی کے۔25مردان۔III	جناب عبیداللہ مایار
25۔	پی کے۔26مردان۔IV	جناب افتخار علی مشوانی
26۔	پی کے۔27مردان۔V	جناب عمران خان
27۔	پی کے۔28مردان۔VI	جناب گوہر علی شاہ
28۔	پی کے۔29مردان۔VII	جناب طفیل انجم
29۔	پی کے۔30مردان۔VIII	جناب محمد عاطف
30۔	پی کے۔31صوابی۔I	جناب بابر خان
31۔	پی کے۔32صوابی۔II	جناب شہرام خان
32۔	پی کے۔33صوابی۔III	جناب محمد علی ترکئی
33۔	پی کے۔34صوابی۔IV	جناب عبدالکریم
34۔	پی کے۔35صوابی۔V	جناب اسد قیصر
35۔	پی کے۔36صوابی۔VI	جناب محمد شیراز
36۔	پی کے۔37کوہاٹ۔I	جناب امجد خان آفریدی
37۔	پی کے۔38کوہاٹ۔II	جناب ضیاءاللہ خان بنگش
38۔	پی کے۔39کوہاٹ۔III	جناب امتیاز شاہد
39۔	پی کے۔40کرک۔I	جناب گل صاحب خان
40۔	پی کے۔41کرک۔II	ملک قاسم خان خٹک

41-	پی کے-42ہنگو-I	جناب فرید خان
42-	پی کے-43ہنگو-II	مفتی سید جانان
43-	پی کے- 44ایبٹ آباد-I	جناب مشتاق احمد غنی
44-	پی کے-45ایبٹ آباد-II	سردار مہتاب احمد خان
45-	پی کے-46ایبٹ آباد-III	حاجی قلندر خان لودھی
46-	پی کے-47ایبٹ آباد-IV	سردار اورنگزیب نلوٹھا
47-	پی کے-48ایبٹ آباد-V	سردار محمد ادریس
48-	پی کے-49ہری پور-I	راجہ فیصل زمان
49-	پی کے-50ہری پور-II	جناب یوسف ایوب خان
50-	پی کے-51ہری پور-III	جناب گوہر نواز خان
51-	پی کے-52ہری پور-IV	جناب فیصل زمان
52-	پی کے-53مانسہرہ-I	سردار ظہور احمد
53-	پی کے-54مانسہرہ-II	میاں ضیاءالرحمان
54-	پی کے-55مانسہرہ-III	جناب صالح محمد
55-	پی کے-56مانسہرہ-IV	جناب وجیہہ الزمان خان
56-	پی کے-57مانسہرہ-V	الحاج ابرار حسین
57-	پی کے-58تورغر (اولڈ مانسہرہ-VI)	جناب زرین گل
58-	پی کے-59بٹگرام-I	نوابزادہ ولی محمد خان
59-	پی کے-60بٹگرام- II	جناب شاہ حسین خان
60-	پی کے-61کوہستان-I	جناب عبدالحق خان
61-	پی کے-62کوہستان-II	جناب محمد عصمت اللہ
62-	پی کے-63کوہستان-III	جناب عبدالستار خان

63۔	پی کے۔64ڈی آئی خان۔I	جناب علی امین خان
64۔	پی کے۔65ڈی آئی خان۔II	جناب سمیع اللہ
65۔	پی کے۔66ڈی آئی خان۔III	مولانا لطف الرحمان
66۔	پی کے۔67ڈی آئی خان۔IV	جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور
67۔	پی کے۔68ڈی آئی خان۔V	جناب جاوید اکبر خان
68۔	پی کے۔69ٹانک	جناب محمود احمد خان
69۔	پی کے۔71بنوں۔II	جناب فخر اعظم وزیر
70۔	پی کے۔72بنوں۔III	جناب شاہ محمد خان
71۔	پی کے۔73بنوں۔IV	جناب ملک ریاض خان
72۔	پی کے۔74لکی مروت۔I	جناب انور حیات خان
73۔	پی ایف۔75لکی مروت۔II	جناب نور سلیم ملک
74۔	پی کے۔76لکی مروت۔III	جناب منور خان ایڈوکیٹ
75۔	پی کے۔77بونیر۔I	جناب سردار حسین
76۔	پی کے۔78بونیر۔II	جناب حبیب الرحمان
77۔	پی کے۔79بونیر۔III	مولانا مفتی فضل غفور
78۔	پی کے۔80سوات۔I	جناب فضل حکیم
79۔	پی کے۔81سوات۔II	جناب عزیز اللہ خان
80۔	پی کے۔82سوات۔III	جناب امجد علی
81۔	پی کے۔83سوات۔IV	جناب محب اللہ خان
82۔	پی کے۔84سوات۔V	جناب محمود خان
83۔	پی کے۔85سوات۔VI	جناب جعفر شاہ
84۔	پی کے۔86سوات۔VII	جناب قیموس خان

85۔	پی کے۔87 شانگلہ۔I	جناب محمد رشاد خان
86۔	پی کے۔88 شانگلہ۔II	جناب عبدالمنیم
87۔	پی کے۔89 چترال۔I	جناب سلیم خان
88۔	پی کے۔90 چترال۔II	جناب غلام محمد
89۔	پی کے۔91 اپر دیر۔I	جناب عنایت اللہ
90۔	پی کے۔92 اپر دیر۔II	جناب محمد علی
91۔	پی کے۔93 اپر دیر۔III	جناب بہرام خان
92۔	پی کے۔94 لوئر دیر۔I	جناب مظفر سید
93۔	پی کے۔95 لوئر دیر۔II	جناب سراج الحق
94۔	پی کے۔96 لوئر دیر۔III	جناب سعید گل
95۔	پی کے۔97 لوئر دیر۔IV	جناب بخت بیدار
96۔	پی کے۔98 ملاکنڈ محفوظ علاقہ۔I	سید محمد علی شاہ
97۔	پی کے۔99 ملاکنڈ محفوظ علاقہ۔II	جناب شکیل احمد

خواتین کی مخصوص نشستیں

01۔ محترمہ نسیم حیات

02۔ محترمہ مہر تاج روغانی

03۔ محترمہ نادیہ شیر

04۔ محترمہ عائشہ نعیم

05۔ محترمہ ملیحہ تنویر

06۔ محترمہ زرین ریاض

07۔ محترمہ نرگس

08۔ محترمہ نگینہ خان

09۔ محترمہ دینا ناز

10۔ محترمہ بی بی فوزیہ

11۔ محترمہ عظمیٰ خان

12۔ محترمہ نجمہ شاہین

13۔ محترمہ آمنہ سردار

14۔ محترمہ رقیہ حنا

15۔ محترمہ ثوبیہ شاہد

16۔ محترمہ راشدہ رفعت

17۔ محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی

18۔ محترمہ معراج ہمایون خان

19۔ محترمہ یاسمین پیر محمد خان

20۔ محترمہ خاتون بی بی

21۔ محترمہ نگہت اورکزئی

غیر مسلموں کی مخصوص نشستیں

01۔ جناب سورن سنگھ

02۔ جناب عسکر پرویز

03۔ جناب فریڈرک عظیم